© rasailojaraid.com

وبرکات کے ساتھ ساتھ بعض غلط فہمیوں اور ضعیف روایات کا تذکرہ بھی کیا گیا ہے۔]

◉ **چلتے چلتے**، فرزانہ چیمہ۔ ناشر: ادبیات، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۶۱۴۰۸-۰۴۲۔ صفحات: ۳۸۳۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔ [مایوسی کے موجودہ عمومی حالات میں یقیناً فکاہیہ کالم نگاری اور مزاح نویسی غنیمت ہے جو قارئین کے لیے مزاح، چوٹ، پھبتی اور طنز کے ذریعے مسرت کا ساماں کرتی ہے اور عبرت، نصیحت اور رہنمائی کا فریضہ بھی انجام دیتی ہے۔ چلتے چلتے فرزانہ چیمہ کے ہلکے پھلکے انداز میں لکھے گئے ایسے ہی کالموں کا مجموعہ ہے جو ماہنامہ بتول میں شائع ہوتے رہے، جنھیں اگر دل چسپ خبریں، شگفتہ تبصرے اور تبسم ریز قلم قتلے کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔]

◉ **زندگی کو خوش گوار بنائیے**، ڈاکٹر محمد بن عبدالرحمٰن العریفی، مترجم: معراج محمد بارق۔ ناشر: قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ، کراچی۔ فون: ۳۲۶۲۷۶۰۸-۰۲۱۔ صفحات: ۶۴۴۔ قیمت: ۵۶۰ روپے۔ [العریفی کی کتاب اِستمتع بحیاتک کا موضوع ''انسانی تعلقات کا فن اور اس کے اصول وقواعد سیرتِ نبویؐ کی روشنی میں'' ہے۔ عنوانات کچھ تو ڈیل کارنیگی کی طرح ہیں اور کچھ ناصحانہ اور بزرگانہ ہیں۔ مختصراً یہ کتاب بتاتی ہے کہ ہم اپنے رویوں میں کیسے اصلاح کر کے کامیاب ترین زندگی گزار سکتے ہیں۔ مصنف، اصلاح بذریعہ قرآن اور رسولؐ کے قائل ہیں۔ ترجمہ صاف اور رواں ہے۔ مزید برآں تاریخی اور معاشرتی واقعات کی شمولیت سے کتاب کو اور بھی دل چسپ بنا دیا گیا۔ ایک فائدہ مند اور قابلِ مطالعہ کتاب۔]

---

۲۰ ویں صدی میں احیاے اسلام کی نقیب ان شخصیات کا تذکرہ، جنھوں نے مغرب کی فکری بالادستی کا سحر توڑا اور عالم اسلام میں بیداری کی منظم تحریک برپا کردی، جو موجودہ صدی میں ایک حقیقت بن چکی ہے۔

**تحریک احیاے اسلام کے آٹھ درخشندہ ستارے**

تالیف و ترجمہ: شفیق الاسلام فاروقی

- سید جمال الدین افغانی / نکی آر کیڈیا
- سید ابوالاعلیٰ مودودی / سید ولی نصر
- محمد عبدہ / یونی حداد
- امام خمینی / باقر معین
- حسن البنا شہید / ڈیوڈ کامنز
- سید قطب شہید / چارلس ٹرپ
- ڈاکٹر استاذ علی شریعتی / علی رہنما
- موسیٰ الصدر / آگسٹس رچرڈ نورٹن

مسلم قائدین اور مفکرین کے افکار کا ناقدانہ تجزیہ

صفحات: 353 قیمت: 360 روپے

براے رابطہ:
اذانِ سحر پبلی کیشنز، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور
فون: 35435667-042، موبائل: 0321-4708024
khawateenmagazine@yahoo.com

مؤلف کا پتا
1819 NE, GLEN KIMBREL ROAD,
BLOUNTS TOWN
FLA 32424 - 4485
USA
sifarooqi@hotmail.com

© rasailojaraid.com